7 نومبر 2023

# سٹی آف برامپٹن نے 2024 کے بجٹ کے عمل کا آغاز کر دیا ہے

*برامپٹن کے رہائشیوں اور کاروباروں کو اپنی قیمتی آراء پیش کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے*

برامپٹن، آن – سٹی آف برامپٹن کے پہلے میئر کے بجٹ کے حوالے سے، رہائشیوں اور کاروباروں کو مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے قیمتی خیالات کا اشتراک کریں تاکہ ہمارے شہر کو رہائش، ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے ایک بہترین جگہ بنایا جا سکے۔ برامپٹن کے 2024 کے بجٹ کی تشکیل میں مدد دینے کے لیے کمیونٹی کی جانب سے فیڈ بیک ہمارے لیے انتہائی اہم ہے۔

2024 کے بجٹ کے عمل کے لیے، میئر پیٹرک براؤن، کونسلرز اور ہمارا عملہ عوام کو شامل کرنے کے ایک سلسلے کا انعقاد کریں گے تاکہ ہم اس چیز کو بہتر طور پر سمجھ سکیں کہ برامپٹن کے رہائشیوں، کاروباروں، کمیونٹی گروپس اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے لیے کون سی چیزیں اہم ہیں۔

**اپنی بات کہنے کے لیے تاریخوں کو محفوظ کریں**

*برامپٹن بزنس ورچوئل گول میز*

منگل، 21 نومبر 2023
صبح 9:30

رجسٹر ہونے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں۔

*ٹیلیفون ٹاؤن ہال*

میئر پیٹرک براؤن اور سٹی کا عملہ ایک ٹیلیفون ٹاؤن ہال کا اہتمام کرے گا جس میں رہائشیوں کو کمیونٹی کی ترجیحات کے بارے میں اپنے خیالات کا اشتراک کرنے، سوالات پوچھنے اور برامپٹن کا 2024 کا بجٹ تیار کرنے پر اپنے خیالات پیش کرنے کا موقع ملے گا۔

منگل، 21 نومبر 2023
شام 7 - رات 8:30 تک

کال موصول کرنے اور سننے کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے براہ کرم یہاں کلک کریں۔

رہائشی یہاں پر آن لائن طور پر بھی سن سکتے ہیں۔

*وارڈ کافی چیٹس*

ڈراپ ان اسٹائل کافی چیٹ کے لیے میئر اور اپنے مقامی ایریا کونسلرز کے ساتھ شامل ہوں۔ یہاں پر رہائشیوں کو اپنے خیالات، مسائل کے حل اور کمیونٹی کی ترجیحات کا اشتراک کرنے کا موقع ملے گا۔

**بدھ، 22 نومبر 2023**

ریجنل کونسلر مائیکل پلیسچی اور نوجیت کور برار وارڈز 2 اور 6 کی نمائندگی کریں گے

وقت: شام 7 - رات 8:30 تک
مقام:گریس کینیڈین ریفارمڈ چرچ، 10301 کریڈٹ ویو روڈ، برامپٹن میں فیلوشپ ہال

**پیر، 27 نومبر 2023**

ریجنل کونسلرز پال ویسینٹ اور رووینا سیٹوس وارڈز 1 اور 5 کی نمائندگی کریں گے
وقت: شام 5 - رات 6:30 تک
مقام: فین "ڈی" فلیم ریسٹورینٹ، 30 گلنگھیم ڈرائیو، یونٹ 503، برامپٹن آن

ریجنل کونسلرز مارٹن میڈیروس اور ڈینس کینان وارڈز 3 اور 4 کی نمائندگی کریں گے
وقت: شام 7 - رات 8:30 تک
مقام: چیٹائم، 150 ویسٹ ڈرائیو، یونٹ 101A، برامپٹن آن

منگل، **28** نومبر **2023**

ریجنل کونسلر پیٹ فورٹینی اور سٹی کونسلر راڈ پاور وارڈز 7 اور 8 کی نمائندگی کریں گے
وقت: دن 3 - شام 4:30 تک
مقام:مولیسانہ بیکری، 2 فلاسفرز ٹریل، برامپٹن آن

ریجنل کونسلر گرپرتاپ سنگھ تور اور ڈپٹی میئر اور سٹی کونسلر ہرکیرت سنگھ وارڈز 9 اور 10 کی نمائندگی کریں گے
وقت: شام 7 - رات 8:30 تک
مقام: مائی ٹی بار، 10960 گور وے ڈرائیو، یونٹ A1، برامپٹن آن

**برامپٹن کے بجٹ میں پیش رفت کے عمل کے بارے میں**

سٹی کے سالانہ برامپٹن کے عمل کے دوران شہریوں کے ساتھ روابط اور ان کی شمولیت سے بجٹ کے بارے میں انہیں مکمل آگاہی فراہم کی جاتی ہے، جس کے لیے ٹیلیفون ٹاؤن ہالز، کافی چیٹس، اشتہارات، خبروں کے اجراء، سوشل میڈیا مہمات اور سٹی کی بجٹ ویب سائٹ کی مدد سے شہریوں کو اس سارے میں عمل میں شامل کیا جاتا ہے اور ہر مرحلے پر آگاہ رکھا جاتا ہے۔

مجوزہ بجٹ جب میئر پیٹرک براؤن کی طرف سے پیش کیا جائے گا، تو اسے بروز بدھ، 29 نومبر، 2023 کو سٹی کی ویب سائٹ پر پوسٹ بھی پوسٹ کر دیا جائے گا۔

عوامی وفود اور کونسل کے بحث مباحثے بروز منگل، 5 دسمبر سے شروع ہوں گے، جس کے بعد 13 دسمبر 2023 کو بجٹ کے منصوبے کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

*میونسپل ایکٹ 2001*، سٹی کے بجٹ کے حوالے سے ان اختیارات اور فرائض کا ایک خاکہ پیش کرتا ہے جو اب میئر کو تفویض کیے گئے ہیں۔ اس *قانون سازی میں کہا گیا ہے کہ "کونسل کا سربراہ، ضوابط کے مطابق، شہر کے لیے ایک مجوزہ بجٹ تیار کرے گا اور مجوزہ بجٹ پر سٹی کونسل کی جانب سے غور و فکر کے لیے اسے سٹی کونسل کو فراہم کرے گا۔"*

ایک بار جب میئر مجوزہ بجٹ کونسل کو جاری کر دیتا ہے، تو بجٹ پر غور و فکر کرنے کے لیے کونسل کی 30 دن کی مدت شروع ہو جاتی ہے، جس کے دوران میئر کی جانب سے فراہم کردہ بجٹ میں ترامیم کے لیے کونسل اپنی قراردادیں منظور کر سکتی ہے۔ کونسل اپنی ایک قرارداد کے ذریعے 30 دن کی مدت کو بھی کم کر سکتی ہے۔ 30 دن کی مدت (یا مختصر کردہ مدت) ختم ہونے کے بعد، بجٹ کو منظور شدہ سمجھا جاتا ہے (اگر بجٹ میں ترمیم کے لیے کونسل کی کوئی قرارداد منظور نہ کی گئی ہو)۔

اگر بجٹ میں ترمیم کے لیے کونسل کی کوئی قرارداد منظور ہوتی ہے، تو میئر کے پاس بجٹ میں ترمیم کرنے والی کونسل کی قرارداد کو ویٹو پر غور کرنے کے لیے 10 دن کا وقت ہوتا ہے۔ میئر کی جانب سے بجٹ میں ترمیم کرنے والی کونسل کی کسی بھی قرارداد کو ویٹو کرنے کے کسی بھی فیصلے پر غور کے لیے کونسل کے پاس 15 دن کا وقت موجود ہوتا ہے، تاکہ کونسل کے تمام اراکین کے دو تہائی اکثریت کے ذریعے میئر کے ویٹو کے فیصلے کو مسترد کرنے پر غور کیا جا سکے۔

**سٹی آف برامپٹن، کارپوریٹ اسٹریٹیجک پلان**

اس سال کا بجٹ سٹی آف برامپٹن کے کارپوریٹ اسٹریٹجک پلان 2022-2026 کی حمایت کرتا ہے، جو بنیادی توجہ کے حامل درج ذیل چھ بنیادی شعبوں کو ترجیح دیتا ہے:

- بڑھتے ہوئے شہری مراکز اور مقامی علاقہ جات،
- ثقافت اور تنوع،
- صحت، فلاح و بہبود،
- ماحولیاتی لچک اور استحکام،
- ٹرانزٹ اور ذرائع مواصلات کی مربوطی اور
- حکومت اور قیادت

اسٹریٹجک پلان، جو اس سال کے آخر میں منظر عام پر لایا جائے گا، شہر کے بجٹ، ماسٹر پلانز، پروجیکٹس، خدمات اور وسائل کا سیاق و سباق متعین کرتا ہے۔

**اضافی وسائل**

سٹی آف برامپٹن کے 2024 بجٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.Brampton.ca/budget

سٹی کونسل میٹنگ میں اپنے خیالات پیش کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: سٹی آف برامپٹن | کونسل اور کمیٹیاں | عوامی اجلاسوں میں شرکت کریں، کسی کمیٹی میں شرکت کریں یا اس میں شامل ہوں۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca